106469 - کیا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے روزہ افطار کریں گے؟

سوال

کیا اللہ کی راہ میں دشمنان اسلام سے جہاد کرنے والے افراد رمضان کے روزے چھوڑ کر بعد میں اس کی قضاء کریں گے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ:

" اگر اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے مجاہدینقصر کی مسافت جس میں نماز قصر کی جاتی ہے کے مسافر ہوں تو ان کے لیے روزہ چھوڑنا جائز ہے، اور بعد میں وہ اس کی قضاء میں روزہ رکھیں گے.

اور اگر وہ مسافر نہیں یعنی دشمن ان کے علاقے پر حملہ آور ہوا ہو اور وہ جہاد کے ساتھ روزہ بھی رکھ سکتا ہو تو اس پر روزہ رکھنا واجب ہے.

لیکن جو روزہ اور فرض عین جہاد کی ادائیگی دونوں کو جمع نہ کر سکے تو اس کے لیے روزہ چھوڑنا جائز ہے، اور رمضان گزرنے کے بعد جتنے روزے چھوڑے ہوں ان کی قضاء میں روزے رکھےگا " انتہی

فتاوى اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء